نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

امریکہ زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں غیر سرکاری تنظیموں کو 2.8 ملین ڈالر کی امداد فراہم کرے گا

اسلام آباد (26 ِ اپریل 2006ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) نے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں عبوری امداد کے پروگرام کے تحت 2.8 ملین ڈالر مالیت کی چار گرانٹس دینے کا اعلان کیا ہے۔ یہ گرانٹس حکومتِ امریکہ کی جانب سے زلزلہ زدگان کو ان کے گاؤں کی بحالی کے لئے فراہم کی جانے والی 13 ملین ڈالر کی امداد کا حصہ ہے۔ ان گرانٹس کے تحت منصوبوں پر اپریل سے دسمبر 2006ء کے دوران عملدرامد ہوگا۔

ان میں سے تین پروگراموں کے ذریعہ تحصیلوں اور یونین کونسلوں کو اپنے علاقوں میں روزگار کی فراہمی میں مدد ملے گی۔ یو ایس ایڈ کی اشتراکِ کار غیر سرکاری تنظیموں ' کنسرن انٹرنیشنل 'اور 'رورل سپورٹ پروگرام نیٹ ورک ' کو دو پروگراموں کے لئے فنڈز فراہم کیے جائیں گے۔ یہ دونوں تنظیمیں پہلے ہی تحصیلوں اور یونین کونسلوں کے ساتھ کام کر رہی ہیں اور روزگار کے پروگراموں کو مقامی ضروریات کے مطابق ڈھالیں گی۔

یہ نئے عبوری پروگرام زراعت اور لائیوسٹاک کے فروغ کے ذریعہ دیہی آبادیوں میں معاشی بنیاد کو از سرِ نو استوار کریں گے۔ ان پروگراموں سے ووکیشنل تربیت، چھوٹے پیمانے پر قرضہ کی فراہمی اور کاروبار کے فروغ کے ذریعہ اضافی اقتصادی مواقع میسر آئیں گے۔ بعض پروگراموں میں واؤچر کا نظام اپنایا گیا ہے جس میں متعلقہ خاندان کو قرضہ دیا جاتا ہے اور وہ اپنے علاقہ میں ایک تعین کردہ فہرست کے مطابق معاشی منصوبوں میں اس رقم کی سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ بعض منصوبوں کے تحت فراہمی و نکاسی آب کے نظاموں کی مرمت اور بہتر بنانے کا کام کیا جاتا ہے۔

چوتھا پروگرام اقوام متحدہ کے خوراک و زراعت کے ادارہ (FAO) کے تحت چلایا جا رہا ہے اور اس میں کسانوں کو مکئی کے بہتر بیج کی فراہمی اور زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں خوراک ذخیرہ کرنے کی سہولیات کو دوبارہ تعمیر کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

یو ایس ایڈ کے تمام عبوری پروگراموں میں لوگوں کو ان کی مقامی آبادیوں میں امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ ان پروگراموں سے استفادہ کرنے والوں نے امدادی کیمپوں، میزبان گھرانوں میں اپنے عزیز و اقارب کے ساتھ موسم سرما گزارا یا وہ اپنے گاؤں میں ہی مقیم رہے۔ یو ایس ایڈ کی اشتراکِ کار تنظیمیں مجبور و بے سہارا لوگوں، جیسے معمر افراد، بیواؤں اور معذوروں کی ضروریات پر خاص توجہ دے رہے ہیں۔

یہ تینوں نئی گرانٹس زلزلہ سے متاثرہ افراد کے لئے امریکی امداد کے تسلسل کی عکاس ہیں۔ امریکہ نے 8 ِ اکتوبر کے زلزلہ کے بعد امدادی کارروائیوں کے دوران 200 ملین ڈالر کی انسانی بنیادوں پر ہنگامی امداد فراہم کی اور آئندہ چار برسوں کے دوران تعمیر نو کے مرحلہ پر مزید 200 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گا۔ امریکی کارپوریشنوں اور شہریوں نے بھی 100 ملین ڈالر کی اضافی رقم دینے کا وعدہ کیا ہے۔ زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں اور تعمیر نو کے لئے امریکہ نے کل 510 ملین ڈالر کی امداد دینے کا وعدہ کیا ہے۔

اس کے علاوہ، امریکہ یو ایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم و نسق کی بہتری اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی ترقیاتی امداد فراہم کر رہا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3